**21.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

☆ صدر جمہوریہ نے ''وکست بھارت جی رام جی بل'' کو منظوری دی۔ اِس قانون کے تحت دیہی گھروں کیلئے 125دن کے روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، اپنی تمام تر کوششوں میں کسانوں کی فلاح کو ترجیح دے رہی ہے۔ انھوں نے آسام کے شہر ڈِبرو گڑھ میں، آمونیا–یوریا کیمیاوی کھاد کے پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔

☆ بھارت نے نئی دلّی میں بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے باہر سلامتی کی صورتحال کو نقصان پہنچانے سے متعلق بنگلہ دیش کی خبروں کو مسترد کردیا ہے۔ بھارت نے پڑوسی ملک بنگلہ دیش میں اقلیتوں پر حملوں کے بارے میں سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ BJP کی قیادت والے برسرِ اقتدار مہایُتی اتحاد نے، مہاراسٹر مقامی ادارے کے انتخابات میں بڑے پیمانے پر کامیابی کی طرف پیش قدمی کی ہے۔

☆ شمالی بھارت میں سخت سردی پڑ رہی ہے اور گھنا کُہرا چھایا ہوا ہے۔ محکمہ موسمیات نے مشرقی اترپردیش اور بہار میں بہت گھنے کُہرے کی وجہ سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، وشاکھاپٹنم میں پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی–ٹوینٹی میچ میں سری لنکا اور بھارت آمنے سامنے ہیں۔ سری لنکا نے بھارت کو 122 رن کا نشانہ دیا ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Prz GRAMG Assent**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے روزگار کیلئے وکست بھارت گارنٹی اور **Ajeevika** مشن گرامین–جی رام جی بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ پارلیمنٹ نے اِسے موسمِ سرما کے اجلاس کے دوران منظوری دی تھی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......

**VC Adarsh**

اس ایکٹ کے ذریعے ایک دیہی ترقیاتی فریم ورک قائم کیا گیا ہے، جسے وکست بھارت 2047 کے قومی

مشن سے منسلک کیا گیا ہے۔ ہر ایک دیہی کنبے کو، جس کے بالغ ارکان رضاکارانہ طور پر غیر ہنر والے کام کرنا چاہیں، اُنھیں ہر مالی سال میں 125دن کے روزگار کی قانونی گارنٹی دی گئی ہے۔ سابقہ اسکیم کے تحت یہ مدت 100 دن تھی۔ دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے اِس ایکٹ کو MG نریگا سے آگے کا قدم قرار دیا ہے، جو ترقی اور غریبوں کے حق میں ہے۔ آج ایک ویڈیو پیغام میں وزیر موصوف نے بتایا کہ اِس کیلئے ایک لاکھ 51 ہزار کروڑ روپے تجویز کیے گئے ہیں۔

**S/B: Shivraj- G Ram G**

اس ایکٹ نے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ، MGNREGA-2005، کی جگہ لی ہے۔

نئی دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

## EVE PM Assam

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر میں ملک کے کسانوں اور اَنّ داتاؤں کا اہم رول ہے اور حکومت، کسانوں کے مفادات کو اعلیٰ ترین ترجیح دیتے ہوئے کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ کسان دوست اسکیموں کو، سب تک پہنچایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم آج آسام کے شہر ڈِبرو گڑھ میں نام رُوپ کے مقام پر، اَمونیا—یوریا کیمیاوی کھاد پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔

**S/B 2100 PM Farmer Welfare Assam**

اِس پروجیکٹ سے یوریا کی سالانہ پیداوار 12لاکھ 70ہزار میٹرک ٹن ہوسکے گی اور یہ پروجیکٹ 2030 تک شروع ہوجائے گا۔وزیر اعظم نے کیمیاوی کھادوں کی لگاتار سپلائی کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نئے یوریا پلانٹ سے ملک کے کسانوں کیلئے یہ سپلائی جلد ہی یقینی ہوجائے گی۔

**S/B 2100 PM Fertiliser Proon Benefits**

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ مرکز کے، پام تیل مشن سے شمال مشرقی خطہ، خوردنی تیل کے میدان میں خودکفیل ہوجائے گا اور اِس سے آئندہ دنوں میں کسانوں کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا۔

آسام کے اپنے دورے کے دوسرے دن وزیر اعظم نے ''پریکشا پے چرچا'' پروگرام کے دوران طلبا سے بات چیت کی۔ انھوں نے یہ بات چیت، برہمپتر ندی میں سیر تفریح کرانے والے ایک جہاز میں سوار ہوکر کی۔

وزیر اعظم نے گواہاٹی میں بورا گاؤں کے مقام پر حال ہی میں تعمیر کئے گئے Swahid Smarak Kshetra کا بھی دورہ کیا۔ انھوں نے شہیدوں کی یادگار پر یہ دورہ خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے آسام تحریک کے 860شہیدوں کی یاد میں کیا۔x

## MEA B Desh High Commission

بھارت نے وضاحت کی ہے کہ نئی دلّی میں بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے باہر مظاہرین کے ایک اجتماع نے باڑ توڑنے یا سلامتی کی صورتحال کو نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کی۔

وزارتِ خارجہ نے میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ 20 سے 25 نوجوان، بنگلہ دیش کے میمن سنگھ علاقے میں دیپو چندر داس کی وحشیانہ ہلاکت کے خلاف احتجاج میں نعرے لگانے کیلئے کل بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے سامنے جمع ہوئے تھے۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ مظاہرین نے بنگلہ دیش میں سبھی اقلیتوں کے تحفظ کیلئے آواز اُٹھائی۔وزارت خارجہ نے واضح کیا ہے کہ موقعے پر موجود پولیس نے کچھ ہی منٹ بعد، اِس گروپ کو اُس جگہ سے ہٹا دیا تھا۔ وزارت نے کہا کہ اِس واقعے کے بارے میں بنگلہ دیش میڈیا کے کچھ حصے، گمراہ کن پروپیگنڈہ کر رہے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ اِن واقعات کے ویژوئل شواہد، عوامی سطح پر دستیاب ہیں۔ وزارت نے Vienna کنونشن کے مطابق غیر ملکی مشنوں اور چوکیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے، بھارت کے عزم کو بھی دُہرایا۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت، ملک میں اُبھرتی ہوئی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ بھارتی افسران، بنگلہ دیش کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں اور انھوں نے اقلیتوں پر کئے گئے حملے کے بارے میں بھارت کی سخت تشویش سے اُنھیں آگاہ کردیا ہے۔بھارت نے اِس بات پر بھی زور دیا ہے کہ داس کی وحشیانہ ہلاکت کے قصورواروں کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے۔

## Bangladesh Indian Visa Aplication Centre

چٹّو گرام میں بھارتی ویزا درخواست مرکز IVAC نے سکیورٹی کی بڑھتی ہوئی تشویش کے سبب اگلے نوٹس تک اپنا کام کاج بند کر دیا ہے۔ یہ قدم، بندرگاہی شہر میں بھارت کے اسسٹنٹ ہائی کمیشن کے نزدیک پیش آنے والے حالیہ واقعات کے بعد اٹھایا گیا ہے۔ مرکز نے کہا ہے کہ اِسے دوبارہ کھولنے کا فیصلہ، سلامتی کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد کیا جائے گا۔ IVAC کے تحت بنگلہ دیش میں پانچ مراکز ڈھاکہ، کھُلنا، راج شاہی، چٹّو گرام اور سِلہٹ میں چلائے جاتے ہیں۔ IVAC کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ دیگر چار مراکز میں ویزا خدمات معمول کے مطابق جاری ہیں۔ x

## Maha Civic Election Results

مہاراشٹر میں بلدیاتی اداروں کے انتخابات کے حتمی نتائج کا اعلان ابھی چناؤ کمیشن نے نہیں کیا ہے، لیکن ابتدائی رجحان سے ظاہر ہوتا ہے کہ برسراقتدار مہایوتی، 214 بلدیاتی اداروں میں سبقت حاصل کیے ہوئے ہے۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے BJP اور مہایوتی کو اپنی اکثریت دلانے پر مہاراشٹر کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ناگپور میں میڈیا کے افراد سے بات چیت کرتے ہوئے جناب فڑنویس نے یقین دلایا کہ اُن کی سرکار، ترقیاتی کام کرے گی اور عوام نے جو اعتماد ظاہر کیا ہے، اُس پر وہ پورا اترے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس چناؤ میں صرف ترقی کے معاملے پر ووٹ مانگے گئے تھے۔اُدھر مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر رہنما نتن گڈکری نے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس، Ravindra Chavan اور پارٹی کارکنوں کو چناؤ میں اکثریت دلانے پر مبارکباد دی ہے۔سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ رائے دہندگان نے BJP کے ترقی پر مبنی کام کرنے کے طریقے پر اپنا اعتماد ظاہر کیا ہے۔ x

## GEM Record

Government e-Market Place GEM کے پلیٹ فارم پر 11لاکھ سے زیادہ، بہت چھوٹے اور چھوٹے کاروباری MSEs رجسٹرڈ فروخت کاروں نے کاروبار کیا ہے۔ تجارت وصنعت کی وزارت نے بتایا کہ یہ آرڈرس GEM کے ذریعے کئے گئے لین دین کی کُل مالیت کا 44فیصد سے زیادہ حصہ ہیں، جو سالانہ 25فیصد کی سرکاری خرید کے نشانے سے زیادہ ہیں۔GEM ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے MSEs خاتون کاروباری، درجِ فہرست ذاتوں اور قبیلوں کے کاروباری اور اسٹارٹ اَپس، سرکاری خرید میں حصہ لے سکتے ہیں اور متعلقہ شعبوں میں آرڈرس لے سکتے ہیں۔وزارت نے مزید بتایا کہ اِس پلیٹ فارم پر خواتین کی ملکیت والے دو لاکھ سے زیادہ کاروباریوں کو 78ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کے مجموعی آرڈرس ملے ہیں۔x

## Railways Fare Rationalzation

ریلوے کے محکمے نے اِس مہینے کی 26تاریخ سے اپنے کرایے ڈھانچے کو معقول بنایا ہے۔ اِس تازہ ڈھانچے کے تحت Ordinary Class میں 215 کلو میٹر تک کے سفر کے کرایے میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ 215 کلو میٹر کے بعد کرایے میں اِس کلاس کے تحت ایک پیسہ فی کلو میٹر اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ میل اور ایکسپریس ٹرین میں، غیر AC کلاس کیلئے دو پیسے فی کلو میٹر کا اضافہ کیا گیا ہے۔AC کلاس میں ریلوے کے محکمے نے دو پیسے فی کلو میٹر کا اضافہ کیا ہے۔ اُس نے خاص طور پر یہ بھی کہا کہ مضافاتی علاقوں میں ماہانہ سیزن ٹکٹ میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ریلویز نے بتایا کہ امید ہے کہ کرایوں کو معقول بنانے سے اِس سال تقریباً 600 کروڑ روپئے کی اضافی رقم حاصل ہوگی۔ محکمے نے یہ بھی بتایا کہ ریل نیٹ ورک اور اِس کے کام کاج میں پچھلی دہائی کے دوران خاطر خواہ توسیع کی گئی ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ ریلوے کا محکمہ اپنی افرادی قوت میں اضافہ کر رہا ہے تا کہ اور زیادہ کام کاج نیز حفاظتی بندوبست میں اضافہ کیا جاسکے۔x

## Petro Natural Gas Rules Puri

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگ پُری نے زور دے کر کہا ہے کہ پیٹرولیم وقدرتی گیس کے ضابطوں کے قانون 2025سے، جس کا نوٹیفکیشن حال ہی میں جاری کیا گیا ہے، ہائیڈرو کاربن کی گھریلو پیداوار کو مستحکم بنانے اور فروغ دینے میں یکسر تبدیلی آئے گی۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایک مضمون میں وزیرموصوف نے کہا کہ اِن نئے ضابطوں کے تحت یہ، بھارت کی توانائی کو سب کیلئے یقینی بنانے کے مقصد کی جانب ایک قدم ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئے ضابطوں کے تحت، متعلقہ منظوریوں کیلئے ایک مدت مقرر کی گئی ہے۔اب پیٹرولیم پٹّے کیلئے دی گئی کسی بھی درخواست پر کوئی بھی فیصلہ، 180دن کے اندر اندر کرلیا جائے گا۔x

## Jitendra Singh EV Expo

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ الیکٹرک گاڑیاں، کاروبار، روزگار اور گزر

بسر کو آگے بڑھانے کے ایک طاقتور وسیلے کے طور پر ابھر رہی ہیں۔ وہ آج نئی دلّی میں الیکٹرک گاڑیوں کی نمائش کے اپنے دورے میں میڈیا سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی حمایت والے ایکونظام سے، نوجوان کاروباریوں کو الیکٹرک گاڑیوں سے متعلق پروجیکٹ شروع کرنے کا موقع ملا ہے، جس میں کم سرمایہ لگتا ہے اور اُنھیں اچھا منافع ملتا ہے۔ڈاکٹر سنگھ نے یہ بھی کہا کہ الیکٹرک گاڑیاں اختراع پر مبنی ترقی، خود کفالت اور پائیدار ترقی کے ایک یقینی راستے کی نمائندگی کرتی ہیں۔x

## AAI Advisory

بھارت کی ایئرپورٹ اتھارٹی AAI نے کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کی وجہ سے ہوائی جہازوں کی پروازوں میں تاخیر ہونے اور نظام الاوقات میں تبدیلی کے سلسلے میں ایڈوائزری جاری کی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں AAI نے کہا ہے کہ شمالی بھارت کے بعض حصوں میں کہرے کی وجہ سے کم دوری تک ہی صاف نظر آرہا ہے، جس کی وجہ سے کچھ ہوائی اڈوں پر ہوائی جہازوں کی پروازوں میں تاخیر ہوسکتی ہے یا ان کے نظام الاوقات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ اس نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ باضابطہ وسیلوں سے اپنی ایئر لائنز سے پرواز سے متعلق تازہ جانکاری حاصل کریں اور ہوائی اڈے پہنچنے کیلئے اور زیادہ پہلے گھر سے نکلیں۔ اتھارٹی نے مسافروں کی مدد کی غرض سے متاثرہ ہوائی اڈوں پر امداد فراہم کرنے والی ٹیموں کو تعینات کیا ہے۔انڈیگو نے بھی کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کے سبب متاثر ہونے والی پروازوں سے متعلق ایڈوائیزری کی ہے۔ ایئر لائن نے کہا ہے کہ بینگلور او امرتسر میں کم دوری تک ہی صاف نظر آنے اور کہرے کی وجہ سے پروازوں کے نظام الاوقات پر اثر پڑا ہے۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کل مشرقی اترپردیش اور بہار میں شدید کہرا چھائے رہنے کے پیش نظر Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ وہیں چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، اتراکھنڈ اور شمال مشرقی حصوں کے دور دراز کے علاقوں میں کل شدید کہرا چھایا رہے گا۔

کرناٹک، تلنگانہ، بہار، اترپردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی اور پنجاب میں کل شدید سے بہت شدید ٹھنڈ رہے گی۔ مغربی ہمالیائی خطوں میں اگلے 24 گھنٹے میں شدید برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ وہیں دہلی این سی آر میں ہوا کا معیار بتدریج بے حد خراب زمرے ہے۔ x

## Women's Cricket

خواتین کرکٹ میں، وشاکھاپٹنم میں پانچ میچوں کی ٹی–ٹوینٹی سیریز کے پہلے میچ میں سری لنکا کے ذریعے دیئے گئے 122رن کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے بھارت نے آخری خبریں موصول ہونے تک 7.4اوورز میں 1وکٹ پر 61رن بنالئے تھے۔

اس سے قبل بھارتی کپتان ہرمن پریت کور نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔ سری لنکا نے مقررہ 20اوورز میں 6وکٹ پر 121رن بنائے۔کپتان ہرمن پریت کور کی قیادت میں خواتین ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ کی تیاریوں کے تحت بھارتی ٹیم سری لنکا کے ساتھ پانچ ٹی–ٹوینٹی میچوں کی سیریز کھیل رہی ہے۔ اس کے پہلے دو میچ وشاکھاپٹنم میں جبکہ آخری تین میچ ترواننت پورم میں کھیلے جائیں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆